ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاؤن میں موجود واٹر اینڈ سیوریج کے مسائل کو حل کرنے کے لئے حکمت عملی تیار۔

بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کو حل کرنے کے لئے شب و روز میدان عمل میں موجود ہیں ۔چیئر مین محمد یوسف

جماعت اسلامی کے نمائندے قلت آب اور سیوریج کے مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں ۔وائس چیئر مین شعیب بن ظہیر

مورخہ: 18/ نومبر 2024ء

کراچی ( )نیو کراچی ٹاؤن میں موجود واٹر اینڈ سیوریج کے مسائل کو حل کرنے کے لئے حکمت عملی تیار۔چیئر مین محمد یوسف کی ہدایت پر نیو کراچی ٹاؤن کی مختلف یوسیز میں واٹر اینڈ سیوریج لائنوں کی تبدیلی کا کام جاری ہے،عوام کی پریشانی کو دیکھتے ہوئے یوسیز کے منتخب نمائندے اپنے اپنے علاقوں میں موجود مسائل سے آگاہی فراہم کر رہے ہیں ۔تفصیلات کے مطابق نیو کراچی ٹاؤن کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے گزشتہ دنوں مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور علاقہ مکینوں سے اُن کے مسائل دریافت کئے عوامی مسائل میں سب سے بڑا مسئلہ پینے کے صاف پانی اور سیوریج کے خراب نظام کا ہے جس کی وجہ سے عوام شدید اضطراب کا شکار ہیں ۔عوامی مشکلات کو دیکھتے ہوئے منتخب نمائندوں نے واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے ذمہ داروں سے بھی ملاقات کر کے مسائل کی نشاندہی کی ہے ۔لیکن واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی جانب سے فنڈ نا ہونے کا جواز پیش کیا گیا ۔جماعت اسلامی عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور خدمت کے جذبے کے ساتھ میدان عمل میں موجود ہے ۔منتخب ہونے کے بعد عوام کے مسائل کو مرحلہ وار حل کیا جا رہا ہے جس کے لئے جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندے شب و روز مصروف عمل ہیں ۔اس سلسلے میں چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف اور وائس چیئر مین شعیب بن ظہیر کی کاوشیں قابل ستائش ہیں ۔آج الحمداللہ نیو کراچی ٹاؤن کی یونین کمیٹی نمبرز 09، 05 اور 03 میں سیوریج اور پینے کے پانی کی لائنوں کی تبدیلی کا کام تیزی سے جاری ہے ۔جبکہ سفری سہولیات کے لئے نیو کراچی کی شاہراہوں کے ساتھ اندرونی گلیوں میں سڑکوں کی تعمیر کا کام بھی کیا جا رہا ہے، یونین کمیٹی نمبر 03 کے چیئر مین علی ارشد نے سیکٹر 5C/1 وارڈ 03 میں جاری سیوریج لائن کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی ہدایت پر عوام کی پریشانی کو دیکھتے ہوئے آج سیوریج کا برسوں پُرانا مسئلہ حل کیا جا رہا ہے، یوسی 03 کے کونسلر سید وقاص حیدر نے کہا کہ ہم چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف اور وائس چیئر مین شعیب بن ظہیر کے بہت مشکور ہیں کہ اُن کی عوام سے محبت اور اُن کے مسائل کو حل کرنے کے لئے اقدامات قابل تعریف ہیں آج سیوریج لائن کی تبدیلی سے علاقہ مکین بہت خوش ہیں کیونکہ سیوریج کا برسوں پُرانا مسئلہ حل ہونے جا رہا ہے ۔واضح رہے کہ جماعت اسلامی کے نمائندے وسائل کا رونا نہیں روتے بلکہ محدود وسائل میں رہتے ہوئے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن